تبصرے

الانور - مرتبۂ جناب عبدالرحمٰن کوندو، تقطیع متوسط، ضخامت ۴۷۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد چالیس روپئے۔ پتہ۔ ندوۃ المصنفین جامع مسجد دہلی۔

یہ کتاب علامہ محمد انور شاہ الکشمیری رحمۃ اللہ علیہ کے تذکرہ و بیان میں ہے۔ اس کے دو حصے ہیں حصہ اول جو ڈھائی سو صفحات میں پھیلا ہوا ہے حضرت شاہ صاحب کے ذاتی اور خاندانی سوانح و حالات کے لئے مخصوص ہے، یہ حصہ از اول تا آخر نوجوان مولف کا لکھا ہوا ہے اور چونکہ وہ کشمیری ہیں، حضرت شاہ صاحب کے خانوادہ سے تعلقات خصوصی ہیں اور خود تصنیف و تالیف اور تحقیق و تلاش کا ذوق فطری رکھتے ہیں۔ اس بنار پر انھوں نے ذاتی اور خاندانی حالات کے لکھنے کا حق ادا کر دیا ہے حضرت شاہ صاحب پر عربی اور اردو میں اب تک جو کتابیں شائع ہوئی ہیں ان میں سے کسی میں یہ حالات اس جامعیت اور تحقیق سے ہماری نظر سے نہیں گذرے درحقیقت یہی حصہ کتاب کی جان ہے، دوسرے حصہ میں مختلف ارباب علم اور اصحاب و فکر و نظر کے قلم سے حضرت شاہ صاحب کے علمی، درسی اور اخلاقی و روحانی کمالات پر چھوٹے بڑے مقالات ہیں جو سب لائق مطالعہ ہیں، اسی حصہ میں بھی متعدد مقالات لائق مولف کے قلم سے ہیں اور خوب ہیں۔ اس کے بعد شاہ صاحب کے تلامذہ اور آپ کے بارہ میں ہند و بیرون ہند کے اکابر علماء کے تاثرات و احساسات کا تذکرہ ہے، پھر ملفوظات اور عربی و فارسی کلام کے نمونے ہیں۔ آخر میں شاہ صاحب کی وفات پر جو مراثی لکھے گئے ان کا انتخاب ہے غرض اس میں شبہ نہیں کہ کتاب بڑی محنت